تیسرا سمسٹر III Semester	D.El.Ed Regular (ریگولر) ڈی۔ایل۔ایڈ	فروری 2022

پرچہ : **ہم عصر ہندوستانی سماج میں تعلیم**

Paper : DLED311CCT : Education in Contemporary Indian Society

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks	Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو(100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو(250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10= 30 Marks)**

حصہ اول

1. آزاد ہندوستان کے آئین کے مطابق ہندوستانی سلطنت کو کیسا ہونا چاہیے۔
2. مقامی تعلیم (Indigenous Education) اور نوآبادیاتی تعلیم (Colonial Education) کا مفہوم بیان کیجیے۔
3. Common Neighbourhood سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس طرح کا اسکول سماجی عدم مساوات کو دور کرنے میں کیسے مددگار رہوگا؟
4. جمہوری اور شمولیاتی سماج بنانے میں ایک استاد کے طور پر آپ کیا کردار نبھا سکتے ہیں؟
5. لارڈ میکالے کی رپورٹ (Macauly Minutes) کی خوبیاں اور خامیاں تحریر کیجیے۔
6. آزادی سے پہلے تعلیم سے جڑی پسماندہ طبقہ کی خاص سماجی تحریک کے بارے میں بتائیے۔
7. ذات اور کلاس (Caste and Class) میں فرق واضح کیجیے۔
8. اقلیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
9. ہندوستان کو ایک جمہوری ملک بنانے میں آپ ایک استاد کے طور پر کیا رول نبھا سکتے ہیں؟
10. گاندھیائی طرز تعلیم کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

حصہ دوم

11. بنیادی حقوق اور ریاستی پالیسی کے اصولوں کے درمیان فرق بتائیے۔ ساتھ ہی ہندوستانیوں کے لیے ان کی اہمیت واضح کیجیے۔
12. پنچایتی راج اداروں کا تعلیم کے میدان میں کیا کردار رہا ہے؟ وضاحت کیجیے۔
13. ماحولیاتی آلودگی کو روکنے اور پائیدار قابل بقا ترقی میں استاد کا کیا کردار ہوسکتا ہے؟
14. حق تعلیم ایکٹ (RTE Act 2009) کیا ہے؟ تفصیل کے ساتھ لکھیے۔
15. ”ریزرویشن ایک مساوی پالیسی ہے“۔ اس پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆